The Absolute Reality

www.quran4u.com

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندہری)

سورۃ القمر

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قیامت قریب آ پہنچی اور چاند شق ہو گیا	.1
اور اگر (کافر) کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں یہ ایک ہمیشہ کا جادو ہے	.2
اور انہوں نے جھٹلایا اور اپنی خواہشوں کی پیروی کی اور ہر کام کا وقت مقرر ہے	.3
اور ان کو ایسے حالات (سابقین) پہنچ چکے ہیں جن میں عبرت ہے	.4
اور کامل دانائی (کی کتاب بھی) لیکن ڈرانا ان کو کچھ فائدہ نہیں دیتا	.5
تو تم بھی ان کی پروا نہ کرو جس دن بلانے والا ان کو ایک ناخوش چیز کی طرف بلائے گا	.6

.7	تو آنکھیں نیچی کئے ہوئے قبروں سے نکل پڑیں گے گویا بکھری ہوئی ٹڈیاں ہیں
.8	اس بلانے والے کی طرف دوڑتے جاتے ہوں گے؟ کافر کہیں گے یہ دن بڑا سخت ہے
.9	ان سے پہلے نوح کی قوم نے بھی تکذیب کی تھی تو انہوں نے ہمارے بندوں کو جھٹلایا اور کہا کہ دیوانہ ہے اور انہیں ڈانٹا بھی
.10	تو انہوں نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ (بار الہا) میں (انکے مقابلے میں) کمزور ہوں تو (ان سے) بدلا لے
.11	پس ہم نے زور کے مینہ سے آسمان کے دہانے کھول دیئے
.12	اور زمین میں چشمے جاری کر دیئے تو پانی ایک کام کے لئے جو مقدر ہو چکا تھا جمع ہو گیا
.13	اور ہم نے نوح کو ایک کشتی پر جو تختوں اور میخوں سے تیار کی گئی تھی سوار کر لیا
.14	وہ ہماری آنکھوں کے سامنے چلتی تھی (یہ سب کچھ) اس شخص کے انتقام کے لئے (کیا گیا) جس کو کافر مانتے نہ تھے
.15	اور ہم نے اس کو ایک عبرت بنا چھوڑا تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟
.16	سو (دیکھ لو کہ) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہوا؟
.17	اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟
.18	عاد نے بھی تکذیب کی تھی سو (دیکھ لو کہ) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہوا؟

.19	ہم نے ان پر سخت منحوس دن میں آندھی چلائی
.20	وہ لوگوں کو (اس طرح) اکھیڑے ڈالتی تھی گویا اکھڑی ہوئی کھجوروں کے تنے ہیں
.21	سو (دیکھ لو کہ) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہوا
.22	اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟
.23	ثمود نے بھی ہدایت کرنے والوں کو جھٹلایا
.24	اور کہا کہ بھلا ایک آدمی جو ہم ہی میں سے ہے ہم اس کی پیروی کریں؟ یوں ہو تو ہم گمراہی اور دیوانگی میں پڑ گئے
.25	کیا ہم سب میں سے اسی پر وحی نازل ہوئی ہے؟ (نہیں) بلکہ یہ جھوٹا خود پسند ہے
.26	ان کو کل ہی معلوم ہو جائے گا کہ کون جھوٹا خود پسند ہے
.27	(اے صالح!) ہم ان کی آزمائش کیلئے اونٹنی بھیجنے والے ہیں تو تم ان کو دیکھتے رہو اور صبر کرو
.28	اور ان کو آگاہ کر دو کہ ان میں پانی کی باری مقرر کر دی گئی ہے ہر (باری والے کو اپنی) باری پر آنا چاہیے
.29	تو ان لوگوں نے اپنے رفیق کو بلایا تو اس نے اونٹنی کو پکڑ کر اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں
.30	(دیکھ لو کہ) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہے
.31	ہم نے ان پر (عذاب کے لئے) ایک چیخ بھیجی تو وہ ایسے ہو گئے جیسے باڑ والے کی سوکھی اور ٹوٹی ہوئی باڑ

.32	اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے تو کوئی ہے جو سوچے سمجھے؟
.33	لوط کی قوم نے بھی ڈر سنانے والوں کو جھٹلایا تھا
.34	تو ہم نے ان پر کنکر بھری ہوا چلائی مگر لوط کے گھر والے کہ ہم نے انکو پچھلی رات ہی سے بچا لیا
.35	اپنے فضل سے شکر کرنے والے کو ہم ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں
.36	اور لوط نے ان کو ہماری پکڑ سے ڈرایا بھی تھا مگر انہوں نے ڈرانے میں شک کیا
.37	اور ان سے ان کے مہمانوں کو لینا چاہا تو ہم نے انکی آنکھیں مٹا دیں سو (اب) میرے عذاب اور ڈرانے کے مزے چکھو
.38	اور ان پر صبح سویرے ہی اٹل عذاب آنازل ہوا
.39	تو (اب) میرے عذاب اور ڈرانے کے مزے چکھو
.40	اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟
.41	اور قوم فرعون کے پاس بھی ڈر سنانے والے آئے
.42	انہوں نے ہماری تمام نشانیوں کو جھٹلایا تو ہم نے ان کو اس طرح پکڑ لیا جس طرح ایک قوی اور غالب شخص پکڑ لیتا ہے
.43	(اے اہل عرب!) کیا تمہارے کافر ان لوگوں سے بہتر ہیں یا تمہارے لئے (پہلی) کتابوں میں کوئی فارغ خطی لکھ دی گئی ہے؟

.44	کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہماری جماعت بڑی مضبوط ہے
.45	عنقریب یہ جماعت شکست کھائے گی اور یہ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے
.46	ان کے وعدے کا وقت تو قیامت ہے اور قیامت بڑی سخت اور بہت تلخ ہے
.47	بے شک گناہگار لوگ گمراہی اور دیوانگی میں (مبتلا) ہیں
.48	اس روز منہ کے بل دوزخ میں گھسیٹے جائیں گے (اب) آگ کا مزہ چکھو
.49	ہم نے ہر چیز اندازہ مقرر کے ساتھ پیدا کی ہے
.50	اور ہمارا حکم تو آنکھ کے جھپکنے کی طرح ایک بات ہوتی ہے
.51	اور ہم تمہارے ہم مذہبوں کو ہلاک کر چکے ہیں تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟
.52	اور جو کچھ انہوں نے کیا (انکے) اعمال ناموں میں (مندرج) ہے
.53	(یعنی) ہر چھوٹا اور بڑا کام لکھ دیا گیا ہے
.54	جو پرہیزگار ہیں وہ باغوں اور نہروں میں ہوں گے
.55	(یعنی) پاک مقام میں ہر طرح کی قدرت رکھنے والے بادشاہ کی بارگاہ میں *********

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com